اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

21ربیع الآخر1448ھ	عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی	03اکتوبر2026ء

سوال: ایک پوسٹ میں لکھا تھا: کسی کا بھلا نہ ہوسکے تو بُرا کرنے کی کوشش نہ کرو دُنیا کمزور ہے لیکن دنیا بنانے والا کمزور نہیں؟

جواب: یہ نیکی کی دعوت اور بُرائی سے بچانے والی پوسٹ ہے یعنی کسی کو نفع نہیں دے سکتے تو نقصان بھی نہ پہنچاؤ، کسی کا دل خوش نہیں کرسکتے تو کسی کا دل نہ دکھاؤ، کسی سے بُرائی نہیں کرنی چاہئے، دوسروں کو اپنے شر سے بچانا جہنم سے بچنے اور جنت میں لے جانے والا کام ہے، اسے صدقہ بھی کہا گیا ہے۔ بندہ کمزور ہے مگر اللہ پاک تمام مخلوق سے بڑھ کر طاقتور ہے۔

سوال: حقوق العباد کا معاملہ کیسا ہے؟

جواب: حقوق العباد یعنی لوگوں کے حقوق کا معاملہ بہت سخت ہے۔

سوال: استاد صاحبان طلبہ (Students) کی کس طرح حوصلہ افزائی کریں؟

جواب: محتاط الفاظ میں حوصلہ افزائی کریں، جھوٹ نہیں ہونا چاہئے۔

سوال: لوگ طرح طرح کے سوالات کرتے ہیں، اس بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

جواب: اس طرح کے سوالات نہیں کرنے چاہئیں جس سے سامنے والا جھوٹ میں پڑجائے، بہتر یہ ہے کہ ایسے سوالات ہی نہ کئے جائیں۔

سوال: دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول سے منسلک ہونے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب: دعوتِ اسلامی میں آجائیں، دِینی کام کریں، پانچوں نمازوں کے عادی ہوجائیں

گے ، سُنّتوں پر عمل کرنے کا جذبہ ملے گا، دِین کے بنیادی علم سے آگاہی ہو گی۔ قرآنِ کریم پڑھنا نہیں آتا ہو گا تو درست قرآن پڑھنا آجائے گا۔

سوال: بہت بڑے محدث جن کے القابات خاتم المُحَقّقین، محقق الاطلاق ہیں، جن کا آج (21 ربیع الآخر) یومِ عرس ہے اور امیر اہل سنت نے ان کے لیے ایصالِ ثواب بھی کیا ،ان کا نام کیا ہے؟

جواب: شیخ عبد الحق محدثِ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔

سوال: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے تقویٰ کا کیا عالم تھا؟

جواب: آپ نے تقویٰ (خوفِ خدا) کی وجہ سے جُھوٹی قسم تو دُور کی بات کبھی سچی قسم بھی نہیں کھائی۔

سوال: حافظے کی کمزوری کی وجوہات کیا ہیں؟

جواب: گناہ کرنے، کھٹی چیزیں کھانے ،بد نگاہی کرنے، عصر کے بعد سونے وغیرہ سے حافظہ کمزور ہوتا ہے، مکتبۃ المدینہ کی کتاب "**حافظہ کیسے مضبوط ہو؟**" کا مطالعہ کریں۔

سوال: سبق یاد ہونے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

جواب: سبق بار بار پڑھنے اور پھر اس کا تکرار کرنے سے وہ یاد ہو جاتا ہے۔

سوال: مقدس چیزوں کا ادب کیسے کریں؟

جواب: اللہ کرے ہم باادب ہو جائیں، جتنا ہو سکے مقدس چیزوں کا ادب کریں، بیت اللہ شریف کی طرف پاؤں نہ کریں، قرآن پاک کو پیٹھ نہ ہو۔ جب پڑھنے بیٹھیں یا سبق یاد کرنے لگیں تو کعبہ شریف کی طرف منہ کرلیں۔ جہاں ہو سکے جب **بیٹھیں تو کعبہ شریف کی طرف منہ کرلیں، یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنت بھی ہے۔**

سوال: اس ہفتے کے رسالے "**پیدل چلنے کے فوائد**" پڑھنے والے کو امیر اہلِ سنت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا دعا دی؟

جواب: یا اللہ پاک! جو کوئی 28 صفحات کا رسالہ "**پیدل چلنے کے فوائد**" پڑھ یا سُن لے اُس کو عبادت پر قوت حاصل کرنے کی نیت سے صحت اچھی رکھنے والے کاموں کی توفیق دے اور ماں باپ سمیت بے حساب بخش دے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم